Sl. No. of Q.P.: 6421

Unique Paper Code : 214604

Name of the Paper : Detail Study of Shibli

Name of the Course : B.A. (H) Urdu

Semester : VI

Duration : 3 Hrs.

Max Marks : 75

E

نوٹ: پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

حُسنِ کلام کا ایک بڑا نکتہ یہ ہے کہ مضامین کی نوعیت کے لحاظ سے الفاظ استعمال کیے جائیں۔ لفظ، چونکہ آواز کی ایک قسم ہے اور آواز کے مختلف اقسام ہیں۔ مہیب پُر رعب، سخت، نرم، شیریں، لطیف۔ اسی طرح الفاظ بھی صوت اور وزن کے لحاظ سے مختلف طرح کے ہوتے ہیں: بعض نرم، شیریں اور لطیف ہوتے ہیں، بعض سے جلالت اور شان ٹپکتی ہے، بعض سے درد اور غم گینی ظاہر ہوتی ہے، اسی بنا پر غزل میں سادہ شیریں، سہل اور لطیف الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔ قصیدہ میں پُر زور اور شان دار الفاظ کا استعمال پسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔ اسی طرح رزم، بزم، مدح و ذم، فخر و ادّعا، وعظ و پند، ہر ایک کے لئے، جدا جدا الفاظ ہیں، شعرا میں سے جو اس نکتے سے آشنا ہیں، وہ ان مراتب کا لحاظ رکھتے ہیں اور یہ اُن کے کلام کی تاثیر کا بڑا راز ہے۔ لیکن جو اس فرق مراتب سے واقف نہیں، یا ہیں، لیکن ایک خاص رنگ اُن پر اس قدر چڑھ گیا ہے کہ ہر قسم کے مضامین میں ایک ہی قسم کے الفاظ اُن کی زبان سے ادا ہوتے ہیں، ان کا کلام بجز ایک خاص رنگ کے، بالکل بے اثر ہوتا ہے۔

(ب)

محاکات کے معنی کسی چیز یا کسی حالت کا اس طرح ادا کرنا ہے کہ اس شے کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے، تصویر اور محاکات میں یہ فرق ہے کہ تصویر میں اگر چہ مادی اشیا کے علاوہ حالات یا جذبات کی بھی تصویر کھینچی جا سکتی ہے، چنانچہ اعلا درجہ کے مصور انسان کی ایسی تصویر کھینچ سکتے ہیں کہ چہرے سے جذبات انسانی مثلاً رنج، خوشی، تفکر، حیرت، استعجاب، پریشانی اور بے تابی ظاہر ہو، جہاں گیر کے سامنے ایک مصور نے ایک عورت کی تصویر پیش کی تھی، جس کے تلوے سہلائے جا رہے ہیں، تلووں کے سہلاتے وقت چہرے پر گدگدی کا جو اثر طاری ہوتا ہے وہ تصویر کے چہرے سے نمایاں تھا، تاہم تصویر ہر جگہ محاکات کا ساتھ نہیں دے سکتی، سیکڑوں گوناگوں واقعات، حالات اور واردات ہیں جو تصویر کی دست رس سے باہر ہیں۔

۲۔ شعر العجم کے حوالے سے شبلی کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۳۔ سیرت اور سوانح نگار کی حیثیت سے شبلی کا مقام متعین کیجیے۔

۴۔ موازنہ انیس و دبیر میں شبلی نے فصاحت و بلاغت کے کن نکات پر بحث کی ہے بیان کیجیے۔

۵۔ شبلی کے نزدیک میر انیس کی مرثیہ نگاری مرزا دبیر کے مقابلے میں زیادہ اہمیت کی حامل ہے بحث کیجیے۔

۶۔ شبلی کے حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

۷۔ سیرت النبی کا مختصر جائزہ لیجیے۔